UIC

The Universal Insurance Company Limited
Head Office: Universal Insurance House, 63 Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore-54000
Tel: +92-42-37324244, 37353458, 37355426, 37313878 Fax: +92-42-37230326
E-Mail: info@uic.com.pk Web: www.uic.com.pk

ISO 9001 APPROVED

BIBOJEE GROUP

Date: April 4, 2025

The General Manager,

Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi,

Subject: **Notice of Annual General Meeting – Prior to Publication**

Dear Sir,

Please find enclosed herewith a copy of Notice of Annual General Meeting (AGM) to be held on Monday April 28, 2025 at 10:00 am for information prior to publication. The aforementioned notice of AGM will be published in the Newspapers on April 07, 2025.

You may please inform the members of the Exchange accordingly.

Thanking you,

Yours truly

Liaqat Ali Shaukat
Company Secretary

THE UNIVERSAL INSURANCE COMPANY LIMITED

Notice of 65th Annual General Meeting

To Be Held on Monday April 28, 2025

NOTICE OF 65TH
ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 65th Annual General Meeting (AGM) of The Universal Insurance Company Limited ("the Company", "UVIC") will be held on Monday April 28, 2025 at 10:00 A.M. at the registered office of the Company at Universal Insurance House, 63-Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore to transact the following business: -

A. ORDINARY BUSINESS

1. To confirm the minutes of the Extra Ordinary General Meeting of the Company held on November 15, 2024 at Lahore.

2. To receive, consider, approve and adopt the annual audited accounts of the Company for the year ended December 31, 2024, together with Chairman's Review, Director's and auditor's reports thereon. As required under Section 223(7) of the Companies Act, 2017, Financial Statements of the Company have been uploaded on the Company's website, which can be downloaded from the weblink in the Notes.

3. To appoint auditors for the year ending December 31, 2025 and to fix their remuneration. The Board on recommendation of Audit Committee of the company has recommended the appointment of auditors M/s. Shinewing Hameed Chaudhri & Co Chartered Accountants as external auditor for the year 2025 being eligible, given their consent for appointment.

B. SPECIAL BUSINESS

4. To consider and, if thought fit to pass the following resolutions as Ordinary Resolutions with or without modification

   a) "RESOLVED that the transactions carried out in normal course of business with associated companies/ related parties during the year ended December 31, 2024 (as disclosed in Note – 33 & 34 of Financial Statements for the year ended December 31, 2024) be and are hereby ratified, confirmed and approved."

   b) "RESOLVED that the Principal Officer of the Company be and is hereby authorized to approve all the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with associated companies/ related parties during the ensuing year ending December 31, 2025 and, in this connection, the Principal Officer be and is hereby also authorized to take any and all necessary actions and sign/ execute any and all such documents/ indentures as may be required in this regard on behalf of the Company."

C. ANY OTHER BUSINESS

To transact any other business with the permission of the Chair.

Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017, pertaining to the Special Business referred to the above is annexed to this notice of meeting, being sent to the members.

By Order of the Board

(Liaqat Ali Shaukat)
Company Secretary

Dated: April 07, 2025
Lahore

NOTES:

1- In accordance with the Section 223 of the Companies Act, 2017 and pursuant to SRO No. 389(1)/2023 dated March 21, 2023 of SECP along with approval of the members of the Company in their AGM held on May 25, 2023 the Annual Report, including the Financial Statements of the Company, can be viewed and download using the following QR Code and weblink as given hereunder:

https://uic.com.pk/wp-content/uploads/2025/Annual2024.pdf

Annual Report has also been emailed to those shareholders who have provided their valid email IDs to the Company.

Members can request a hard copy of Audited Financial Statements on a standard request form which is available on company website, which shall be provided free of cost within seven days from the date of requisition.

2- The Company has decided to facilitate its members by also allowing them to attend the meeting through video link. For this, the members are requested to register themselves by sending an email along with the following particulars at info@uic.com.pk before close of business hours on April 26, 2025.

Name of member	CNIC No.	Folio No./ CDC Account No.	Contact No.	Email Address

The members can also provide their comments/ questions for the proposed agenda items of the AGM at the email address info@uic.com.pk.

3- The Share Transfer Books of the Company will remain closed from April 22, 2025 to April 28, 2025 (both days inclusive). Transfer received in order at the office of the Company Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates, H.M House, 7-Bank Square Lahore up to the close of business on April 21, 2025 will be considered in time to attend and vote at the meeting.

4- A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his/ her proxy to attend and vote instead of him/ her. Proxies, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company duly stamped, signed and witnessed not later than 48 hours before the meeting. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.

5- Form of proxy is appended with this notice in both English and Urdu languages and can be downloaded from the Company's website.

6- CDC shareholders are requested to bring their original CNIC card, Account, Sub account numbers and participant's Number in Central Depository Company (CDC) for identification purpose for attending the meeting. In case of corporate entity, the Board of Director's resolution/ Power of attorney with specimen signature of the nominee along with his /her recent photograph shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

7- Members are requested to notify the shares registrar of the company promptly of any change in their addresses, if any and submit copy of valid CNIC if not submitted yet.

Further, to comply with requirements of section 119 of the Companies Act, 2017 and regulation 19 of Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, all CDC and physical shareholders are requested to provide their mandatory information such as CNIC No., address, email address, contact number, International Bank Account No. (IBAN) etc, to our share registrar to avoid any non-compliance of law and inconvenience in future.

8- The Members must ensure that the duly filled and signed ballot paper (will be available on the Company's website within stipulated time to download), along with a copy of Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post at the Company's registered address, Universal Insurance House, 63-Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore, or email at chairman@uic.com.pk one day before the meeting i.e., on April 27, 2025 before 05:00 pm. A postal ballot received after this time/date shall not be considered for voting. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

9- **Electronic voting**

a. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of Members of the Company by the close of business on April 21, 2025.

b. The web address, login details, and password, will be communicated to members via email from the web portal of M/s Hameed Majeed Associates (Private) Limited, H.M House, 7-Bank Square, Lahore (being the e-voting service provider).

c. Identity of the members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

d. The Members shall cast vote online at any time from April 24, 2025, 9:00 a.m. (PST) to April 27, 2025 till 5:00 p.m. (PST). Voting shall close on April 27, 2025, at 5:00 p.m. Once the vote on the resolution is cast by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

10- As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act i.e, May 30, 2017.

Pursuant to the SECP letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021, the Company is following up with all shareholders holding shares in physical form with the request to convert their shares in book-entry form in order to comply with the provision of the Companies Act, 2017. Shareholders may contact the Company's share register to understand the process and benefits of conversion of shares held in physical form into book-entry form.

11- The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached the shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law. Shareholders are hereby informed that a list of all unclaimed shares/ dividend has already been added on the Company's website. Any member affected by this notice is advised to write to or call at the office of the Company during normal working hours.

12- Consent for Video Conference Facility

Pursuant to section 132(2) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing at geographical location, to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. In order to avail this facility please provide following information to the registered office of the Company:

I/We ________________ of ________________ being a member of The Universal Insurance Co. Ltd., holder of _____________ Ordinary Share(s) as per Folio/ CDC Account No. ___________ hereby opt for video conference facility at ________________.

Signature of Member(s) ____________________.

STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This statement sets out the material facts pertaining to the special business to be transacted at the AGM of the Company to be held on April 28, 2025.

Agenda Item No. 4 (a) - Transactions carried out with associated companies during the year ended December 31, 2024 to be passed as an Ordinary Resolution

The transactions carried out in normal course of business with associated companies/ Related parties were being approved by the Board as recommended by the Audit Committee on quarterly basis pursuant to clause 15 of the Listed Companies Corporate Governance Regulations, 2019.

Since the majority of Company Directors were interested in this/ these transaction(s) due to their common directorship and holding of shares in the associated companies, the quorum of directors could not be formed for approval of these transactions which have to be approved by the members in the General Meeting.

In view of the above, the transactions conducted during the financial year ended December 31, 2024 with associated companies/ related parties as shown in note no. 33 & 34 to the Audited Financial Statements for year ended December 31, 2024 are being placed before the members for their consideration and approval/ratification.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and their shareholding in the associated companies.

Agenda Item No. 4 (b) – Authorization of Principal Officer for the transactions carried and to be carried out with associated companies during the ensuing year ending December 31, 2025 to be passed as an Ordinary Resolution

The Company would be conducting transactions with associated companies in the normal course of business. The majority of Directors are interested in these transactions due to their common directorship and shareholding in the associated companies. Therefore, such transactions with associated companies have to be approved by the members.

In order to comply with the provisions of clause 15 of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the shareholders may authorize the Principal Officer to approve transactions carried out and to be carried out in normal course of business with associated companies/ related parties during the ensuing year ending December 31, 2025.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and their shareholding in the associated companies.

اطلاع برائے 65واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی یونیورسل انشورنس کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی"، "یو وی آئی سی") کا 65 واں سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) 28 اپریل 2025، بروز پیر صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع یونیورسل انشورنس ہاؤس، 63-شاہراہ قائد اعظم، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

الف: عمومی امور

1۔ 15 نومبر 2024 کو لاہور میں منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

2۔ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور ان پر چیئرمین کے جائزہ اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹیں وصول کرنا، ان پر غور کرنا، ان کی منظوری دینا اور انہیں اپنانا کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (7)223 کے تحت تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے کمپنی کی فنانشل سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہیں جو نوٹس میں دیئے گئے ویب لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

3۔ 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔ بورڈ نے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر میسرز شائن ونگ حمید چودھری اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جنہوں نے تقرری پر رضامندی ظاہر کردی ہے، کو اہل ہونے کے ناطے سال 2025 کے لئے ایکسٹرنل آڈیٹر کے طور پر مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

ب: خصوصی امور

4۔ درج ذیل قراردادوں کو بطور عام قراردادوں کے طور پر زیر غور لانا اور اگر موزوں سمجھا جائے تو کسی ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظوری دینا

الف) ''قرار دیا جاتا ہے کہ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ معمول کے کاروبار میں انجام دیئے گئے (جیسا کہ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے فنانشل سٹیٹمنٹس کے نوٹ 33 اور 34 میں بیان کیا گیا ہے) لین دین کی توثیق، تصدیق اور منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے۔''

ب) ''قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے پرنسپل آفیسر کو مجاز بنایا جائے اور بذریعہ ہذا بنایا جاتا ہے کہ وہ 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تمام لین دین اور ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ معمول کے طریقہ کار کے تحت کئے جانے والے کاروبار کی منظوری دیں، اور اس سلسلے میں پرنسپل آفیسر کو مجاز بنایا جائے اور بذریعہ ہذا بنایا جاتا ہے کہ وہ کوئی ایسے اور تمام ضروری اقدامات کریں اور کسی ایسی اور تمام ایسی دستاویزات/ قرار ناموں پر دستخط کریں/ انجام دیں، جیسا کہ اس ضمن میں کمپنی کے ایماء پر ضروری ہوں۔''

ج: کوئی دیگر امور

چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

خصوصی امور بمطابق مذکورہ بالا کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ لف ہے اور ارکان کو بھجوایا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ

(لیاقت علی شوکت)

کمپنی سیکرٹری

بتاریخ: 7 اپریل 2025

لاہور

نوٹس:

1۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے تحت، ایس ای سی پی کے ایس آر او نمبر 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی رو سے اور کمپنی کے ارکان کی جانب 25 مئی 2023 کو اپنے سالانہ اجلاس میں دی گئی منظوری کے مطابق سالانہ رپورٹ بشمول کمپنی کی فنانشل سٹیٹمنٹس نیچے دیئے گئے QR کوڈ کے ذریعے اور درج ذیل ویب لنک پر دیکھی جاسکتی ہیں اور ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں:

https://uic.com.pk/wp-content/uploads/2025/Annual2024.pdf

سالانہ رپورٹ ان حصص یافتگان کو ای میل بھی کر دی گئی ہے جو اپنے درست ای میل آئی ڈی کمپنی کو فراہم کر چکے ہیں۔

ارکان آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی ہارڈ کاپی کی درخواست سٹینڈرڈ درخواست فارم پر کر سکتے ہیں جو کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، جو طلبی کی تاریخ سے سات یوم کے اندر بلا معاوضہ فراہم کی جائے گی۔

2۔ کمپنی نے اپنے ارکان کی سہولت کے لئے فیصلہ کیا ہے انہیں وڈیو لنک کے ذریعے بھی اجلاس میں شرکت کی اجازت دی جائے۔ اس سلسلے میں ارکان سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل کوائف کے ہمراہ ایک ای میل info@uic.com.pk پر 26 اپریل 2025 کو اوقات کار ختم ہونے سے قبل بھیج کر اپنا اندارج کرالیں۔

ممبر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	رابطہ نمبر	ای میل پتہ

ارکان اے جی ایم کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر اپنے تبصرے / سوالات ای میل پتہ info@uic.com.pk پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

3۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 22 اپریل 2025 سے 28 اپریل 2025 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ دفتر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس، ایچ ایم ہاؤس، 7- بینک سکوائر لاہور میں 21 اپریل 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلی کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

4۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی پراکسی کے طور پر شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے مقرر کرسکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کو موثر حیثیت دینے کے لئے لازم ہے کہ اس پر موزوں طریقے سے مہر ثبت ہو، دستخط اور گواہ شدہ ہو، اور اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائے۔ کسی بھی رکن کو ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا۔

5۔ پراکسی کا فارم انگریزی اور اردو، دونوں زبانوں میں نوٹس ہذا کے ساتھ لف ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

6۔ سی ڈی سی حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا اصل سی این آئی سی کارڈ، اکاؤنٹ، سب اکاؤنٹ نمبرز اور سنٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) میں پارٹسپنٹ نمبر اجلاس میں شرکت کے لئے شناخت کے مقصد کے تحت ساتھ لائیں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے دستخط بمطابق نمونہ، اجلاس کے وقت پیش کیا جائے (تاوقتیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

7۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں اور سی این آئی سی کی درست کاپی، اگر ابھی تک جمع نہ کرائی ہو تو جمع کرا دیں۔

مزید برآں، کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کی ریگولیشن 19 کی شرائط کی پاسداری کرتے ہوئے تمام سی ڈی سی اور فزیکل حصص یافتگان سے التماس ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات مثلاً سی این آئی سی نمبر، پتہ، ای میل پتہ، رابطہ نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این)، وغیرہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں تاکہ قانون کی کسی عدم پاسداری اور مستقبل میں کسی پریشانی سے بچ سکیں۔

8۔ ارکان اس امر کو یقینی بنائیں کہ درست طریقے سے پر کئے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر (جو مقررہ وقت پر ڈاؤن لوڈ کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہوں گے)، مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی، اجلاس کے چیئر مین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ، یونیورسل انشورنس ہاؤس، 63-شاہراہ قائد اعظم، لاہور، یا بذریعہ ای میل chairman@uic.com.pk کے پتہ پر اجلاس سے ایک روز قبل یعنی 27 اپریل 2025 شام 5:00 بجے سے پہلے موصول ہو جائیں۔ اس تاریخ/وقت کے بعد موصول ہونے والے بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ بیلٹ پیپر پر کئے گئے دستخط سی این آئی سی کے دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

9۔ الیکٹرانک ووٹنگ

الف: ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات بذریعہ ای میل کمپنی کے ان ارکان کو فراہم کی جائیں گی جن کا موثر سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر اور ای میل پتہ 21 اپریل 2025 کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں دستیاب ہوگا۔

ب: ویب پتہ، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ کے بارے میں ارکان کو بذریعہ ای میل میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، 7-بینک سکوائر، لاہور (جو ای ووٹنگ کی خدمات فراہم کر رہے ہیں) کی ویب پورٹل سے آگاہ کر دیا جائے گا۔

ج: ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہشمند ارکان کی شناخت الیکٹرانک دستخط کے ذریعے تصدیق یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

د: ارکان اپنا ووٹ آن لائن مورخہ 24 اپریل 2025 صبح 9:00 بجے (پاکستان کا معیاری وقت) سے 27 اپریل 2025 شام 5:00 بجے (پاکستان کا معیاری وقت) کے دوران کسی بھی وقت کر سکیں گے۔ ووٹنگ 27 اپریل 2025 شام 5:00 بجے بند کر دی جائے گی۔ رکن کی جانب سے قرارداد پر ایک بار ووٹ دینے کے بعد اس میں کسی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

10۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی رو سے ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی اپنے فزیکل شیئرز کو کمیشن کی جانب سے نوٹیفکیشن کی تاریخ سے ایکٹ ہذا کے اجراء یعنی 30 مئی 2017 سے زیادہ سے زیادہ چار سالہ مدت کے اندر بک انٹری کی شکل میں اس طریقے سے تبدیل کرنے کی پابند ہوگی جیسا کہ کمیشن کی طرف سے طے کیا جائے۔

ایس ای سی پی لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے تحت کمپنی فزیکل شکل میں حصص کے حامل تمام حصص یافتگان سے رابطہ کر کے انہیں بک انٹری کی شکل میں منتقل کرنے کی درخواست کر رہی ہے تاکہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ کی پاسداری کی جا سکے۔ حصص یافتگان فزیکل شکل میں موجود حصص کو بک انٹری کی شکل میں منتقل کرنے کی کارروائی اور اس کے فوائد کو سمجھنے کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

11۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کی رو سے کمپنی قبل ازیں اپنی ذمہ داری پوری کر چکی ہے جس کے تحت کمپنی نے حصص یافتگان سے رابطہ کیا کہ وہ ایسے ڈیویڈنڈ جن کا کلیم نہیں کیا گیا اور ایسے شیئر سرٹیفکیٹ جو ڈیلیور نہیں ہوئے، قانون کے مطابق ان کا کلیم کر لیں۔ حصص یافتگان کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ایسے تمام حصص/ڈیویڈنڈ جن کا کلیم نہیں کیا گیا، ان کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دی گئی ہے۔ نوٹس ہذا سے متاثرہ کسی بھی رکن کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کو لکھیں یا معمول کے اوقات کار کے دوران دفتر میں کال کریں۔

12۔ وڈیو کانفرنس سہولت کے لئے رضا مندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2) 132 کی رو سے اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی علاقے میں مقیم مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص داری کے حامل ارکان کی جانب سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضا مندی موصول ہو جائے تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت، شہر میں سہولت کی دستیابی کی شرط پر، کا انتظام کرے گی۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے برائے مہربانی درج ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو فراہم کریں:

میں / ہم ________ از ________ بطور رکن دی یونیورسل انشورنس کمپنی لمیٹڈ، حامل ________

عمومی حصص بمطابق فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ بذریعہ ہذا ________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔ دستخط رکن / ارکان ________

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت مادی حقائق کا بیان:

اس بیان میں 28 اپریل 2025 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں انجام دیئے گئے خصوصی امور کے حوالے سے مادی حقائق بیان کئے گئے ہیں:

ایجنڈا آئٹم نمبر (الف) 4-31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ انجام دیئے گئے لین دین کی بطور عمومی قرارداد منظوری دی جائے

لسٹڈ کمپنیز کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز، 2019 کی شق 15 کی رو سے ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کیساتھ عمومی کاروباری طریقے کے مطابق کئے گئے سودے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ کی جانب سے سہ ماہی بنیادوں پر منظور کئے جارہے تھے۔

کمپنی ڈائریکٹرز کی اکثریت چونکہ اپنی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور ملحقہ کمپنیوں میں حصص کا حامل ہونے کی بناء پر اس لین دین میں دلچسپی رکھتی تھی، اس لئے ایسے لین دین کی منظوری کے لئے ڈائریکٹرز کا کورم تشکیل نہ دیا جاسکتا ہے جس کی منظوری اجلاس عام میں ارکان سے لینا ہوگی۔

مذکورہ بالا کے پیش نظر 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے گئے لین دین، جیسا کہ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کے نوٹ نمبر 33 اور 34 میں درج ہیں، ارکان کے زیر غور لانے اور ان کی منظوری/ توثیق کے لئے ان کے روبرو رکھے جارہے ہیں۔

اس قرارداد میں ڈائریکٹرز کی دلچسپی ان کی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور ملحقہ کمپنیوں میں ان کی حصص داری تک محدود ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر (ب) 4-31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے آئندہ سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ کئے گئے اور کئے جانے والے لین دین کے لئے پرنسپل آفیسر کو مجاز بنانے کی منظوری بطور عمومی قرارداد دی جائے

کمپنی ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ لین دین معمول کے کاروبار کے طور پر انجام دے گی۔ ڈائریکٹرز کی اکثریت ملحقہ کمپنیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور حصص داری کے باعث اس لین دین میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لہٰذا ملحقہ کمپنیوں کیساتھ اس طرح کے لین دین کو ممبران سے منظور ہونا ضروری ہے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق 15 کی دفعات کی پاسداری کرتے ہوئے حصص یافتگان پرنسپل آفیسر کو 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے آئندہ سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کو معمول کے کاروبار کے طور پر انجام دینے کی منظوری دیں اور دیتے ہیں۔

اس قرارداد میں ڈائریکٹرز کی دلچسپی ان کی مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور ملحقہ کمپنیوں میں ان کی حصص داری تک محدود ہے۔